Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیت کا لٹریچر جتنا پڑھا جائے خوبصورت چہرہ اتنا ہی سامنے آتا ہے

جماعت ہائے احمدیہ گیمبیا کے چھٹے جلسہ سالانہ کے افتتاحی اجلاس سے وزیر صحت ایم سی جالو کا خطاب

حضور ایدہ اللہ کا روح پرور پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔ ۱۸ افراد کا قبولِ حق۔ ریڈیو ٹیلی وژن اور اخبارات میں وسیع پبلسٹی

بانجل (گیمبیا مغربی افریقہ) گیمبیا کے وزیر صحت محترم ایم سی جالو نے کہا ہے کہ احمدیت کے لٹریچر کا جتنا باریکی سے مطالعہ کیا جائے۔ اتنا ہی زیادہ اسلام کا وہ خوبصورت اور روشن چہرہ سامنے آجاتا ہے جو کہ جماعت احمدیہ پیش کرتی ہے۔ وہ یہاں پر چار سے چھ اپریل تک جاری رہنے والے جماعت ہائے احمدیہ گیمبیا کے چھٹے سالانہ جلسے سے افتتاحی خطاب کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے اپنی تقریر میں حضرت امام جماعت احمدیہ خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات کی تعریف کی۔ اور جماعت احمدیہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

گیمبیا کے امیر اور مشنری انچارج مکرم مولوی داؤد احمد صاحب حنیف نے بذریعہ تار یہ اطلاع دی ہے کہ چھٹا جلسہ سالانہ نہایت کامیابی اور خیر و خوبی سے منعقد ہوا دوران جلسہ اٹھارہ افراد نے احمدیت قبول کی۔ یہ جلسہ سالانہ باتھرسٹ ہائی سکول کے میدان میں منعقد ہوا۔ جس میں گیمبیا اور ہمسایہ ملک سینی گال سے آئے ہوئے پانچ سو کے لگ بھگ نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقعہ پر احباب جماعت نے اپنے اس عزم کو تازہ کیا کہ وہ اسلام کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ اور خدا تعالیٰ کی رضا کی راہوں پر چلنے کی حتی المقدور کوشش کرتے رہیں گے۔

افتتاحی اجلاس کی خاص بات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور پیغام تھا۔ جو کہ حضور نے از راہ شفقت خاص اس جلسہ سالانہ کے لئے بھجوایا تھا۔ یہ پیغام مکرم امیر صاحب نے پڑھ کر سنایا۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس پیغام میں احباب جماعت کی توجہ اس طرف دلائی کہ وہ غلبۂ اسلام کی آنے والی صدی کے استقبال کے لئے اپنی کوششیں تیز تر کر دیں۔ کیونکہ اب اس صدی کی آمد میں صرف نو سال باقی رہ گئے ہیں۔ اس کے بعد دلیل تبشیر تحریک جدید کا پیغام بھی پڑھ کر سنایا گیا۔

امیر جماعت گیمبیا مکرم مولوی داؤد حنیف صاحب نے تمام حاضرین کو جن میں اراکین پارلیمنٹ اور دیگر نمایاں شخصیتیں شامل تھیں خوش آمدید کہا۔ اس جلسے میں مختلف دینی موضوعات پر پُر معرفت تقاریر کی گئیں۔ جن میں احباب جماعت پر زور دیا گیا کہ وہ اسلام کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیں۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں نماز تہجد کے علاوہ شکرانے کی نمازیں اور نوافل بھی ادا کئے گئے۔ جلسہ کی ایک اور اہم بات ایک نمائش کا انعقاد تھا۔ جس میں دنیا بھر میں جماعت احمدیہ کی کارکردگی دکھائی گئی تھی۔ اس میں تصاویر چارٹس اور لٹریچر کے علاوہ دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم کی نمائش بھی شامل تھی۔ قرآن کریم کے یہ تراجم اور اس نمائش میں غیر مسلم احباب نے خصوصی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

جلسہ سالانہ پر خواتین کے لئے علیحدہ باپردہ جلسہ سالانہ کا انتظام تھا۔ خواتین کے جلسہ سالانہ میں حضرت صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ مرکزیہ۔ مکرمہ و محترمہ سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ مدظلہا کا پیغام بھی پڑھ کر سنایا گیا۔ جو کہ مستورات کے لئے ازدیادِ ایمان کا باعث بنا۔

اس جلسہ سالانہ کی ریڈیو ٹیلی وژن

(باقی دیکھیں صفحہ ۸ پر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خوف ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء

الفضل

روزنامہ

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۲۰ جمادی الاول ۱۴۰۰ھ | ۱۵ شہادت ۱۳۵۹ش | ۵ اپریل ۱۹۸۰ء | نمبر ۸۶

اخبار احمدیہ

۰۰ ربوہ ۱۴ شہادت (اپریل) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

حضور کو ابھی ضعف ہے گردوں کی انفکشن بھی ہے۔

احباب جماعت خاص درد و الحاح اور خصوصی توجہ اور التزام کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ شافی مطلق کے آستانے پر جھکے رہیں اور خدا تعالیٰ کے حضور تضرع و عاجزی سے التجائیں کرتے رہیں کہ وہ مولا کریم ہمارے پیارے امام ہمام ایدہ اللہ کو جلد از جلد کامل شفایابی عطا کرے اور آپ کو آسمانی تائیدات سے نوازتا رہے۔ آمین

۰۰ خاکسار جوڑوں کے درد کا مریض ہے۔ ہاتھوں کی حرکت یا پہلو بدلنا بھی دشوار ہو جاتا ہے۔ اب ہاتھوں کی گرفت بھی کمزور ہو گئی ہے۔ نیز میں انشاء اللہ تعالیٰ نومبر دوبارہ ملازمت سے ریٹائر ہو رہا ہوں۔ احباب سے عاجزانہ درخواست ہے کہ میری صحت اور آئندہ زندگی کی بہتری کے لئے دعا فرمادیں۔

محمد اسمٰعیل ذبیح مولوی فاضل جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ بنول

۰۰ مورخہ ۶ جون بروز جمعہ سالانہ مرکزی امتحانات کی تاریخ یاد رکھیں۔ اور بھرپور تیاری کریں۔

۳۰ اپریل شہادت کو یاد رکھیں

۳۰ اپریل شہادت کو جماعتوں کے بجٹ ختم ہو رہے ہیں۔ عہدیداران سے گزارش ہے کہ اس عرصہ میں دعائیں کرتے ہوئے چندہ جات کی وصولی کے لئے انتہائی کوشش فرمائیں اور مخلصین جماعت سے گزارش ہے کہ از راہ کرم ۳۰ شہادت اپریل سے قبل چندہ جات۔ حصہ آمد۔ چندہ جلسہ سالانہ اور زکوٰۃ کے بقایا جات ادا فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

ناظر بیت المال آمد ربوہ

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبدالحی۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قواعد ادائیگی حقوقِ تعلیمی

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جس تعلیمی پالیسی کا اعلان اپنی جلسہ سالانہ کی تقریر، خطبات جمعہ اور مجلس مشاورت ۱۹۸۰ء میں فرمایا ہے اس کی روشنی میں مندرجہ ذیل قواعد ترتیب دیئے گئے ہیں:۔

۱۔ ان وظائف "ادائیگی حقوق" طلباء و طالبات کا اجراء ۱۹۸۰ء سے ہوگا۔

۲۔ وظائف کا فیصلہ طلباء و طالبات کی تعلیمی کارکردگی اور ان کے والدین کی اقتصادی حالت کو مدنظر رکھ کر کیا جائے گا اور صرف اسی قدر امداد دی جائے گی جو کسی طالب علم کے حالات اور درجہ تعلیم کے لحاظ سے ضروری ہوگی۔

۳۔ درخواست امیدوار اور اس کے والد کی طرف سے مطبوعہ فارم پر متعلقہ امیر یا صدر کی تصدیق کے ساتھ وصول کی جائے گی۔

۴۔ صرف انہی امیدواروں کی درخواستیں قابل غور ہوں گی جنہوں نے:۔

الف:۔ کوئی تعلیمی سال ضائع نہ کیا ہو (سوائے معقول استثناء کے)

ب:۔ محکمہ تعلیم، بورڈ یا یونیورسٹی کے سالانہ امتحان میں کم از کم ساٹھ فی صد نمبر لئے ہوں اور

ج:۔ ان امتحانوں میں علی الترتیب اوپر کی تین سو (پرائمری اور مڈل کے وظیفہ کے امتحان میں) یا دو سو (میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں) یا بیس (یونیورسٹی کے امتحان بی۔ اے۔ بی ایس سی میں) اور سات (ایم اے، ایم ایس سی کے امتحان میں) پوزیشنز میں سے کوئی پوزیشن حاصل کی ہو۔

۵۔ وظائف کی کل رقم کم از کم ڈیڑھ لاکھ روپیہ سالانہ ہوگی۔ جو امتیازی فہرست (MERIT LIST) کی بنیاد پر سب سے زیادہ مستحق امیدواروں میں اس طرح تقسیم کی جائے گی کہ ان کے ایک تعلیمی سال کا خرچ پورا ہو سکے۔

نمونہ درخواست فارم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

درخواست برائے وظیفہ ادائیگی حقوق تعلیمی

تعلیمی سال:۔

I۔ طالب علم / طالبہ کے کوائف

(i) نام طالب علم / طالبہ .....

(ii) نام والد .....

(iii) مستقل پتہ:۔ گاؤں ..... ڈاکخانہ ..... تحصیل ..... ضلع .....

والد کا پتہ:۔ گاؤں ..... ڈاکخانہ ..... تحصیل ..... ضلع .....

اس حصہ کو دفتر پر کرے گا
نمبر .....
تاریخ وصولی .....

II کوائف تعلیمی:۔

(i) کورس جس میں داخلہ لینا مقصود ہے۔

(ii) تعلیمی ادارہ جس میں داخلہ لینا مقصود ہے۔

(iii) سابقہ تعلیمی ریکارڈ

درجہ تعلیم	تعلیمی ادارہ۔ بورڈ یا یونیورسٹی کا نام	کل نمبر	نمبر حاصل کردہ	پوزیشن
A۔ پرائمری (وظیفہ کا امتحان)				
B۔ مڈل (" ")				
C۔ میٹرک				
D۔ انٹرمیڈیٹ الف				
E۔ ڈگری الف				
F۔ پوسٹ گریجوایٹ ب				

نوٹ:۔ الف اور ب ان بورڈز یا یونیورسٹیوں کے لئے ہیں جن میں ہر سال امتحان بورڈ یا یونیورسٹی کی طرف سے لیا جاتا ہے۔

(iv) کیا طالب علم / طالبہ فی الوقت کوئی وظیفہ حاصل کر رہا / رہی ہے۔ یا کوئی وظیفہ متوقع ہے؟ .....

وظیفہ کی مالیت: .....

نوٹ:۔ اسناد اور مضمون وار نمبروں کی مصدقہ نقول لف کی جائیں۔

III والد کے مالی کوائف

(i) آمد زرعی زمین سے	
(ii) آمد پیشہ ورانہ	
(iii) آمد بصورت تنخواہ و الاؤنس	
(iv) آمد پنشن سے (بشمولہ کمیوٹیڈ حصہ)	
(v) آمد دیگر ذرائع سے۔	
(vi) آمد کل ذرائع سے۔	
میزان	

کوئی خصوصی مالی ذمہ داری: .....

IV کوائف خاندانی (متعلقہ)

نام	عمر	پیشہ	شادی شدہ / غیر شادی شدہ	سالانہ آمد
(i) بیٹے مع عمر و پیشہ				
(1)				
(2)				
(3)				
(ii) بیٹیاں مع عمر و پیشہ				
(1)				
(2)				
(3)				

طالب علم / طالبہ کے والد اس کو کتنی رقم ماہوار دے سکتے ہیں؟ .....

میں تصدیق کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا کوائف بالکل درست ہیں:۔

تصدیق
(امیر متعلقہ / پریذیڈنٹ جماعت
تاریخ .....

دستخط والد .....
نام و مکمل پتہ: .....
.....

دستخط طالب علم / طالبہ
.....

نوٹ:۔ یہ درخواست طالب علم / طالبہ کے والد کی طرف سے آنی چاہیئے جس پر طالب علم / طالبہ کے دستخط ضروری ہیں۔

V دفتری کارروائی

سفارش نظارت تعلیم / مقرر کردہ کمیٹی: .....
.....

آخری فیصلہ: .....
.....

نوٹ:۔ جن احباب جماعت کے ذہن میں ان قواعد کے سلسلہ میں کوئی نئی تجویز آئے اس سے نظارت تعلیم کو مطلع فرما دیں۔

(ناظر تعلیم)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت ہائے احمدیہ سیرالیون کی تیسویں سالانہ کانفرنس

- حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ اور محترم وکیل التبشیر صاحب کے پیغامات
- دو ہزار سے زائد فرزندانِ توحید کی شمولیت
- اللہ تعالیٰ کے حضور متضرعانہ دعاؤں کا روح پرور نظارہ
- مالی قربانیوں کا ایمان افروز مقابلہ
- ۳۰- افراد کا قبولِ احمدیت
- تین ہفتہ تک ریڈیو، ٹیلیویژن اور پریس کے ذریعہ احمدیت کا چرچا

مرتبہ: مکرم مولوی مجید احمد صاحب سیالکوٹی مبلغ مقیم سیرالیون

احمدیہ مسلم مشن سیرالیون کو سالانہ کانفرنس مورخہ ۲۹ فروری اور یکم و دو مارچ ۱۹۸۰ء کو "بو" احمدیہ سیکنڈری سکول کے وسیع و عریض احاطہ میں منعقد کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ فالحمد للہ علیٰ ذلک! کانفرنس کو ہر طرح کامیاب کرنے کے لئے تین ماہ پہلے ہی تیاریاں شروع کر دی گئی تھیں۔ مبلغین کرام نے اپنے اپنے صوبہ میں ایک ایک، دو دو سرکلر میٹنگز منعقد کر کے احبابِ جماعت کو اس میں بکثرت شامل ہونے کی تاکید کی۔ اس کے علاوہ مبلغین کرام نے اپنے اپنے حلقہ کے دورے کر کے جماعتوں سے رابطہ قائم کیا اور کانفرنس میں شمولیت کی اہمیت کو واضح کیا۔

محترم امیر صاحب بار بار سرکلرز اور پندرہ روزہ بلٹن کے ذریعہ ملک کے طول و عرض میں پھیلی ہوئی جماعتوں کو کانفرنس کے انعقاد اور اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی دعوت دیتے رہے۔ تین دن میں ۳۶ بار مختلف زبانوں میں کانفرنس کی تاریخوں اور مہمانوں کی قیام گاہوں کا اعلان ریڈیو پر ہوتا رہا۔ اس کے ساتھ "ڈیلی میل" میں بھی نمایاں سرخیوں کے ساتھ جلسہ کے متعلق مضمون شائع ہوا اس طرح خاص و عام تک خبر پہنچ گئی۔

جماعتوں کے نمائندگان ۲۸ فروری کو دوپہر کو سپیشل بسوں کے ذریعہ پہنچنے شروع ہو گئے ان کے قیام و طعام کا انتظام "بو" جماعت کے سپرد ہوا جسے انہوں نے بخوبی سرانجام دیا۔ ۸ قیام گاہیں تھیں۔ ایک ایک گھر میں سو سو، دو دو سو مہمانوں کے ٹھہرنے کا زندگی افروز نظارہ دیکھ کر دل بے اختیار اس خدائے واحد و یگانہ کی تسبیح و تحمید کرنے میں مصروف ہو جاتا جس نے ایک بار پھر اس زمانہ میں سیدنا مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ محبت و پیار اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا کر کے فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِہٖٓ اِخْوَانًا کا معجزہ دکھا دیا ہے۔ ہال کو مختلف قسم کے قطعات اور بینرز سے سجایا گیا۔ سکول کے احاطہ میں رنگ برنگی جھنڈیوں سے سڑک اور راستہ کو نمایاں کیا گیا۔ خوش آمدید، اھلاً و سھلاً و مرحباً اور WELCOME کے الفاظ لکھے گئے۔ جگہ جگہ آویزاں کئے گئے بینرز تک آواز پہنچانے اور عورتوں کے جلسہ گاہ تک آواز پہنچانے کے لئے لاؤڈ سپیکر کا بڑا عمدہ انتظام تھا۔

مہمانوں کی آمد:

۲۷ فروری کو محترم امیر صاحب اور خاکسار "بو" پہنچے۔ جملہ انتظامات کا معائنہ کیا اور انتظامیہ کو ضروری ہدایات دیں۔ ۲۸ فروری کو ملک کے دور دراز حصوں سے مہمان پہنچنے شروع ہوئے فری ٹاؤن، روکوپر، ماجو، کیانہ، بواجے بو اور ٹینگو سے لوکل سپیشل بسیں آئیں۔ نیز بواجے بو سے محترم اشرف صاحب اور رفیق احمد صاحب ۵۰ میل کا سفر طے کر کے بذریعہ بائیسکل "بو" پہنچے۔

مقامی احباب مہمانوں کی اس کثیر تعداد کو دیکھ کر بے حد خوش ہوئے۔ مہمانوں کی خدمت، عزت افزائی اور ہر ممکن سہولت پہنچانے کے لئے فخر محسوس کرتے۔ الغرض مہمانوں کی آمد کے ساتھ ہی احمدیہ مسجد "بو" اور مشن ہاؤس کے علاقہ میں غیر معمولی رونق اور چہل پہل نظر آنے لگی۔

۲۸ فروری کو تقریباً سب مہمانوں نے مغرب اور عشاء کی نمازیں محترم امیر صاحب کی اقتداء میں ادا کیں۔ نماز مغرب کے بعد امیر صاحب نے درس کے طور پر نصائح سے نوازا، آپ نے فرمایا کہ یہ بڑے بابرکت ایام ہیں۔ ہمیں دعاؤں کے ساتھ عملی طور پر آپس میں محبت و اخوت کا اعلیٰ ترین نمونہ دکھا کر کانفرنس کو مفید بنانا چاہیئے اور یہ تب ہی ہو سکتا ہے جبکہ ہم اپنی راتیں تہجد اور ذکر اللہ تعالیٰ اور رسول کی باتیں سننے میں صرف کریں۔

اس کے بعد امیر صاحب کے ارشاد پر مکرم سعید حمید احمد صاحب نے سلائیڈز دکھائیں اور خاکسار ساتھ ساتھ مختصر سی کمنٹری پیش کرتا رہا۔ یہ پروگرام آدھ گھنٹہ جاری رہا۔ ناظرین حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ امریکہ اور افریقہ کی رنگین تصاویر کو دیکھ کر بہت محظوظ ہوئے۔

لوائے احمدیت لہرانے کی تقریب:

۲۹ فروری کو صبح نو بجے کانفرنس ہال کے سامنے ۵۰۰ نمائندگان کی موجودگی میں محترم امیر صاحب نے "لوائے احمدیت" کو فضا میں لہرانے کی رسم ادا کی تو فضا نعرہ ہائے تکبیر سے گونج اٹھی۔ یہ نظارہ سیرالیون کی تاریخ احمدیت میں پہلی بار ہوا اور بہت پسند کیا گیا۔

جلسہ کی کارروائی کا افتتاح:

۲۹ فروری بروز جمعۃ المبارک صبح نو بجے محترم امیر و مشنری انچارج کی زیر صدارت جلسہ کی کارروائی کا آغاز ہوا سب سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت محترم سلیمان مانسرے صاحب پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ فری ٹاؤن نے کی۔ بعدہٗ سیدنا حضرت بانیٔ احمدیت مسیح موعود علیہ السلام کے مشہور و معروف نعتیہ عربی قصیدہ کے چند اشعار مترنم آواز میں جناب الحاج کمانڈا بنگے صاحب نے پیش کئے اس کے بعد موصوف نے بحیثیت جنرل سیکرٹری برائے احمدیہ مشن سیرالیون صاحب صدر جناب مولانا محمد صدیق صاحب کا مختصر تعارف کرایا۔

محترم امیر صاحب نے افتتاحی خطاب فرمایا۔ آپ نے دور دراز سے آنے والے مہمانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے خوش آمدید کہا اور جلسہ کی غرض و غایت پر روشنی ڈالی اور اس میں شمولیت کرنے والوں کو ثواب کا مژدہ سنایا۔ آپ نے کہا کہ دنیا اس وقت ایک نہایت خطرناک دور سے گذر رہی ہے۔ بڑی طاقتیں ایک دوسرے سے برسرِ کار ہونے کی تیاری کر رہی ہیں۔ پیشتر اس کے کہ وہ آپس میں مڈھ بھیڑ ہوں چھوٹی طاقتوں کو ہڑپ کر رہی ہیں۔ پوری دنیا افراتفری کے عالم میں ہے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ انسان اب اپنے رب سے دور اور دین کی طرف رجوع پذیر ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کے بیان کو دہراتے ہوئے آپ نے بتایا کہ "اب تیسری تباہ کن عالمگیر جنگِ عظیم کے آثار نمودار ہو رہے ہیں اور شدید خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔ قریب ہے کہ آبادیاں تہس نہس ہو جائیں اور بعض حصوں سے زندگی کا خاتمہ ہو جائے۔" آپ نے واضح فرمایا کہ اس المناک حالت سے نجات کا ایک ہی ذریعہ ہے کہ انسان خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ ہو کر حقیقی اسلام پر عمل پیرا ہو کیونکہ اسلام ایک عالمگیر بھائی چارے اور اتفاق و اتحاد کا درس دینے والا مذہب ہے۔ یہ رنگ، قوم اور ملک کے تفاوت کو نہیں دیکھتا بلکہ ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم، کہہ کر تقویٰ اور نیکی کو ہی وجہ برتری بتاتا ہے۔

آپ نے فرمایا۔ اسلام کا مستقبل خدا تعالیٰ کے فضل سے چاند اور سورج سے بھی زیادہ روشن ہے اس کی خوشخبری بانیٔ اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بارہا دی ہے۔ حضرت بانیٔ احمدیت علیہ السلام نے بارہا اپنی عربی، فارسی اور اردو کتب میں بڑے پرزور الفاظ میں حقیقی اسلام کے ساری دنیا پر چھا جانے اور مکمل غلبہ کی پیشگوئیاں کی ہیں۔ آپ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تو یہ الفاظ پڑھ کر سنائے تو ہال میں نعرہ ہائے تکبیر بلند ہوئے۔ آپ نے کہا لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمان حقیقی مسلمان بن جائیں اور خدا تعالیٰ کے ساتھ حقیقی تعلق پیدا کریں اس غرض کو پورا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کو مبعوث فرمایا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشخبریوں کے مطابق آپ کا کام دنیا میں حکم و عدل قائم کرنا، مسلمانوں کے اختلافات کو دور کرنا، اور اسلام کی فوقیت اور برتری کو براہین اخری ثابت کرنا ہے۔ چنانچہ اس مقصد عظیم کو پورا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ سب طاقتیں اور خوبیاں بخشی ہیں۔ آپ کو ایک ایسی عمدہ جماعت عطا کی ہے جو جانی اور مالی قربانیاں دے کر اسلام کے نام کو ساری دنیا میں روشن کر رہی ہے۔ خلیفۃ المسیح کی آسمانی قیادت اور راہ نمائی سے مشکلات اور مصائب کا مقابلہ کر رہی ہے۔ محض اسلام کی شوکت اور عظمت کو قائم کرنے کے لئے دن رات مبلغین کے ذریعہ قلمی اور لسانی جہاد میں مصروف عمل ہے۔

احمدیت کے آسمانی نور سے دنیا بقعۂ نور بن رہی ہے۔ ہمیں مزید مساجد اور مشن ہاؤسز سکولز اور ہسپتال بنانے ہیں۔ یہ صرف اور صرف اسلام کی عظمت اور وقار کو قائم کرنے اور انسانی فلاح و بہبود کے لئے ہوں گے۔ لہٰذا اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے جماعت احمدیہ کے افراد کو ہر قسم کی قربانیاں پیش کرنی ہوں گی اور اس وقت تک دم نہیں لینا ہوگا جب تک سارا دنیا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع نہیں ہو جاتی ہے۔

پیغام امام ایدہ اللہ تعالیٰ:

افتتاحی خطاب کے آخر میں محترم امیر صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا روح پرور اور جاں افزا پیغام پڑھ کر سنایا۔ پیغام کا اردو ترجمہ یہ ہے:۔

"مجھے یہ جان کر بے حد مسرت ہوئی ہے کہ احمدیہ سالانہ کانفرنس کا انعقاد نو میں ۹ فروری کو ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ اسے بابرکت فرمائے اور اس میں شمولیت کرنے والوں پر اپنی رحمت اور فضل نازل فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اسلام کے پھیلانے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو

والسلام

خلیفۃ المسیح"

اس موقعہ پر محترم وکیل التبشیر کا پیغام بھی پڑھ کر سنایا گیا جس کا ترجمہ درج ذیل ہے:۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیارے بھائیو! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

مجھے یہ جان کر خوشی اور مسرت ہوئی ہے کہ آپ ۲۹ فروری اور یکم، دو مارچ ۱۹۶۰ء کو "بو" میں اپنی سالانہ کانفرنس منعقد کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام شامل ہونے والوں کو اپنی رحمت سے نوازے اور اپنے بے پایاں فضلوں کا وارث بنائے۔

اس عظیم الشان اجتماع کے موقعہ پر میں آپ کی توجہ اس عہد کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو آپ نے بیعت کرتے وقت کیا تھا کہ ہم دین کو دنیا پر مقدم رکھیں گے۔ جبتک ہم بیعت کی اس اہم شرط پر عمل پیرا ہونے کی کوشش نہیں کرتے مجھے ڈر ہے کہ فتح کی منزل مقصود جو اپنے سامنے رکھے ہوئے ہیں، معرض التواء میں پڑ جائے اور ہم جلدی نہیں حاصل کر پائیں گے۔ اس لئے میں آپ کو تاکید کرتا ہوں کہ آپ اپنی کمر ہمت باندھ لیں اور فتح کو قریب تر لانے کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ نے تعلیمی اور سماجی میدان میں بہت ترقی کی ہے۔ سکول اور ہسپتال کھول کر انسانیت کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ جس نے ہر طرف سے خراج تحسین حاصل کیا ہے تاہم حقیقی اسلام اور احمدیت کے جھنڈے تلے جمع ہونے والوں کو لانے کے لئے ہمیں اور بہت کچھ کرنا ہے۔ پیارے بہن بھائیو! اگرچہ آپ ہم سے بہت دور ہیں لیکن پھر بھی آپ ہمارے لاکھوں احمدیوں کے دلوں میں بستے ہیں اور وہ آپ کی ترقی اور بھلائی کے لئے دعا گو ہیں۔ آپ اپنے آپ کو اسلام کے ایسے حقیقی فرزند ثابت کریں جو اپنے ایمانوں کو اپنی جانوں سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کا ہر میدان میں حافظ و ناصر ہو۔ والسلام

مرزا مبارک احمد

وکیل التبشیر"

محترم امیر صاحب کی تقریر اور پیغامات کا دو ارکل زبانوں مینڈلے اور کمٹی میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ یہ فرض مسٹر آئی۔ کے محمد مینیجر احمدیہ پرائمری سکولز مشرقی صوبہ اور مکرم معلم جبرائیل کریم صاحب لوکل مشنری نے بڑی خوبی سے ادا کیا۔

مشن کی سالانہ رپورٹ:

مکرم الحاج بونگے صاحب سیکرٹری جنرل ربوہ مشن نے مشن کی کارکردگی کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ آپ نے فرمایا۔ دوران سال محترم امیر صاحب، مرکزی مبلغ (خاکسار مجید احمد سیالکوٹی) اور بعض ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر پروگرام کر کے احمدیت کی تبلیغ اور اسلام کی خدمت کرتے رہے۔ ڈیلی میل میں سابق امیر مولانا نسیم سیفی صاحب اور موجودہ امیر مولانا محمد صدیق صاحب گورداسپوری کے مضمون ہر ہفتہ چھپتے رہے۔ مشن نے متعدد کتابچے چھاپے اور ملک بھر میں تقسیم کئے۔ مبلغین کرام نے اپنے اپنے حلقہ میں سرکٹ کانفرنس۔ جلسہ ہائے سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم، جلسہ مصلح موعودؓ، اور یوم مسیح موعودؑ کا اہتمام کیا۔ مبلغین کرام اور ہم سب کی کوششوں سے ۲۳۰۔ افراد نے اس سال احمدیت کو قبول کیا۔

ہسپتالوں سے متعلق رپورٹ دیتے ہوئے بتایا کہ محترم ڈاکٹر غلام مجتبیٰ صاحب اور ڈاکٹر مبشر احمد صاحب سلیم اپنا اپنا عرصہ پورا کر کے واپس تشریف لے گئے ان کی جگہ ڈاکٹر مبشر احمد صاحب اور ڈاکٹر عمر الدین صاحب سدھو نے احمدیہ ہسپتال "مسنگی" اور احمدیہ ہسپتال "روکوپر" کا چارج سنبھالا ایک نئے ڈاکٹر عنقریب تشریف لا رہے ہیں۔ آپ نے مریضوں کی تعداد اور کامیاب اپریشنوں کی تعداد کا بھی ذکر کیا۔

احمدیہ سیکنڈری سکولوں کی رپورٹ دیتے ہوئے بتایا کہ امسال احمدیہ سکول "روکوپر" احمدیہ سکول "مسنگی" احمدیہ سکول "بلما" اور احمدیہ سکول "وارو" میں سائنس لیبارٹریز مکمل ہو چکی ان کے لئے جاپان سے اعلیٰ قسم کا سامان مہیا کیا گیا۔

احمدیہ سیکنڈری سکول "کبالہ" احمدیہ سکول "کنیما" اور احمدیہ سکول "وارو" کو اعلیٰ کارکردگی کی بنا پر حکومت نے ہر قسم کی گرانٹیں دینے کی منظوری دی۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک!

تعلیمی نتائج کے لحاظ سے ہمارے بارہ کے بارہ سکولوں نے ہی اپنے اپنے علاقہ میں خوش کن نتائج دکھائے۔ فٹبال کے میدان میں بھی فری ٹاؤن سکول مغربی صوبہ میں چیمپئن ہے۔ کبالہ سکول شمالی صوبہ اور بو سکول جنوبی صوبہ میں چیمپئن رہا۔ فری ٹاؤن سکول نے مغربی صوبہ کے اتھلیٹک کے مقابلوں میں ۲۴۷ نمبر لے کر صوبہ میں اول پوزیشن لے کر اپنی برتری کو ثابت کیا اور احمدیت کی شہرت کو دوبالا کیا۔

آپ نے فرمایا کہ سیرالیون کی نمائندگی کرنے کے لئے یا الفا شریف صاحب کو جلسہ سالانہ ربوہ اور قادیان کے لئے بھجوایا گیا۔ دو طلباء مکرم ہارون جالو اور مکرم فواد کانو کو اعلیٰ دینی تعلیم کے لئے جامعہ احمدیہ ربوہ میں بھجوایا گیا۔

(باقی)

درخواست ہائے دعا

(۱) مکرم بھائی منور احمد صاحب کی صحت مختلف عوارض کی وجہ سے ناساز ہے

(۲) مکرمہ فضیلت بیگم صاحبہ آف فیروزوالہ لاہور ہسپتال میں داخل ہیں۔

(۳) مکرم غلام الدین صاحب و حاجی محمد اکبر صاحب آف میرپور کی صحت مختلف عوارض سے ناساز ہے۔

احباب ان سب کی شفایابی کے لئے دعا فرمائیں۔

(فضل احمد شاہد مربی سلسلہ احمدیہ فیروزوالہ ضلع گوجرانوالہ)

(۴) خاکسار کا چھوٹا بھائی تقریباً ایک ماہ سے بیمار چلا آ رہا ہے۔ احباب کرام اس کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمائیں

نذیر احمد کھوکھر ترکھلی ضلع گوجرانوالہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مساجد کے آداب

احادیثِ نبویہ کی روشنی میں

(مکرم مولوی عبد المنان صاحب شاہد مربی سلسلہ مقیم ساہیوال)

اللہ تبارک و تعالیٰ جل شانہٗ عزّ اسمہٗ نے سرورِ کائنات فخرِ موجودات سید ولدِ آدم حضرت محمد مصطفیٰ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خصوصیت یہ بھی عنایت فرمائی ہے کہ آپ کے لئے اور آپ کی اُمّت کے لئے ساری زمین کو مسجد بنا دیا گیا ہے۔ جب بھی اور جہاں بھی نماز کا وقت ہو جائے اگر مسجد نہیں ہے تو مناسب جگہ کو پاک و صاف کر کے بروقت نماز ادا کی جا سکتی ہے اور سفر کی حالت میں سواری پر بھی نماز ادا کی جا سکتی ہے اللہ تعالیٰ کے حضور مسجد تعمیر کرنے کا بڑا ثواب ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

مَنْ بَنٰی لِلّٰہِ مَسْجِدًا
بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی
الْجَنَّۃِ "

کہ جو شخص محض خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے مسجد بناتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کا گھر جنّت میں بناتا ہے۔

اسلامی مسجد خدا تعالیٰ کی عبادت کا مقام ہوتا ہے۔ اس کے دروازے خدائے واحد کی عبادت کرنے والے ہر فرد بشر کے لئے کھلے ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجران کے عیسائیوں کے وفد کو فرمایا کہ مسجد نبوی میں ہی تم اپنی عبادت کر لو اور انہوں نے مشرق کی طرف منہ کر کے اپنی عبادت کی۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:۔

اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ الْیَوْمِ
الْاٰخِرِ وَ اَقَامَ الصَّلٰوۃَ

(سورۃ توبہ آیت ۱۸)

کہ اللہ کی مسجدوں کو تو وہی آباد کرتا ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتا ہے اور نماز باجماعت کو قائم کرتا ہے

اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ
مَسٰجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُّذْکَرَ
فِیْھَا اسْمُہٗ وَسَعٰی فِیْ
خَرَابِھَا اُولٰٓئِکَ مَا
کَانَ لَھُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْھَا
اِلَّا خَآئِفِیْنَ لَھُمْ فِی
الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَھُمْ
فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ
عَظِیْمٌ ۝

(سورۃ البقرہ آیت ۱۱۵)

اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہو سکتا ہے جس نے اللہ کی مساجد سے لوگوں کو روکا کہ اُن میں اس خدا کا نام لیا جائے اور اُن کی ویرانی کے درپے ہو گیا۔ اُن لوگوں کے لئے مناسب نہ تھا کہ اُن مساجد کے اندر داخل ہوتے مگر خدا سے ڈرتے ہوئے۔ ان کے لئے دنیا میں بھی رسوائی ہے اور آخرت میں بھی ان کے لئے بڑا عذاب مقدر ہے۔

گویا عبادت کرنے والوں کو مساجد اللہ سے روکنے والے خدا خوش نہیں ہوتا بلکہ اُن کو اسی دنیا میں ذلت اور رسوائی کی سزا ملتی ہے اور آخرت میں بھی عذاب ہوتا ہے۔

پس اسلام میں یہ پابندی نہیں ہے کہ فلاں مسجد گوروں کے لئے اور فلاں کالوں کے لئے ہے بلکہ اسلامی مساجد بلا امتیاز مذہب و فرقہ ہر امیر غریب شرقی غربی عربی عجمی گورے کالے چھوٹے بڑے مرد و عورت سب انسانوں کے لئے اللہ واحد و یگانہ کی عبادت کے لئے کھلی ہیں ؎

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

مسجد بناتے وقت اس کی پختگی کا خیال رکھنا چاہیئے۔ مسجدوں میں نقش و نگار کرنا اور سامنے کی طرف ایسی عبارتیں لکھنا جن پر نظر پڑے تو توجہ قائم نہ رہے منع ہے۔ مسجد راستہ میں یا گندے ماحول میں تعمیر نہ کی جائے اور نہ ہی مسجد کو گزرگاہ بنایا جائے۔

مسجد کے ساتھ مومن کا دل لٹکا رہتا ہے۔ مسجد مومن کے لئے ایسی خوشگوار جگہ ہے جیسے جنت کا باغ۔ مسجد میں مومن ایسا خوش رہتا ہے جیسے مچھلی پانی میں زندگی اور خوشی محسوس کرتی ہے اور منافق مسجد میں ایسا مضطرب رہتا ہے جیسے مچھلی بغیر پانی کے۔ مسجد خدا کا گھر ہے اس لئے اسے وہی مقام دیا جائے۔ اس کی صفائی باقاعدگی سے کی جائے۔ مسجد کی عظمت کو دل میں جگہ دی جائے۔

مساجد کے مختصر آداب

- مسجد میں صاف ستھرے اور پاک کپڑے پہن کر آئیں۔
- مسجد کی طرف وقار اور سکون سے آئیں۔ دوڑتے اور شور مچاتے ہوئے نہ آئیں۔
- مسجد میں کچا لہسن، پیاز، مولی یا بدبودار چیز کھا کر نہ آئیں۔
- مسجد میں داخل ہوتے ہوئے دایاں پاؤں پہلے اندر رکھیں اور حاضرین کو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہیں
- مسجد میں داخل ہوتے ہوئے یہ دعا کی جائے

بِسْمِ اللّٰہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ
اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ
اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ "

(میں اللہ تعالیٰ کے نام سے مسجد میں داخل ہوتا ہوں۔ اس کا درود اور سلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہو۔ اے اللہ میرے گناہ بخش اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے)

- مسجد میں گندے جوتے پہن کر نہ گزریں
- مسجد میں جہاں جگہ ملے بیٹھ جائیں یا نماز ادا کریں۔ اگلی صفوں میں جانے کی خاطر لوگوں کی گردنیں پھلانگتے ہوئے نہ گزریں اور
- مسجد میں نمازیوں کے آگے سے گزرنا سخت منع ہے۔
- مسجد میں کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ لینا منع ہے اور نہ ہی دوستوں کے درمیان گھس کر بیٹھنے کی کوشش کریں
- مسجد میں اگر کسی نے پہلے آ کر اپنی جگہ بنالی ہے تو اس کی جگہ نہ لیں۔
- مسجد میں داخل ہو کر دو رکعت نماز نفل تحیۃ المسجد ادا کریں۔
- مسجد میں داخل ہو کر خاموشی سے ذکرِ الٰہی کرتے رہیں یا درود شریف پڑھتے رہیں۔ جتنی دیر مسجد میں رہیں گے نماز میں ہی متصور ہوں گے۔
- مسجد میں پاؤں پھیلا کر بیٹھنا اور دائرہ بنا کر دنیاوی گپیں ہانکنا منع ہے
- مسجد میں شور مچانا، لڑائی جھگڑا کرنا، گالی گلوچ اور فضول باتیں کرنا منع ہے
- مسجد میں قہقہے لگانا، اونچی آواز سے ہنسنا ایک دوسرے پر طنز کرنا اور ہنسی مذاق کرنا یا آواز سے کہنا منع ہے۔
- مسجد میں خرید و فروخت نہ کرنا یا خرید و فروخت کی باتیں کرنا اور دوسری دنیاوی باتیں کرنا منع ہے۔
- مسجد میں تھوکنا، ناک صاف کرنا، ٹٹی پیشاب کرنا منع ہے۔
- مسجد میں میّت رکھ کر اس کی نمازِ جنازہ ادا کرنا منع ہے۔
- مسجد میں منافقین کی طرح باتیں کر کے اسے مسجد ضرار نہ بنایا جائے
- مسجد میں فوٹو لگانا اور اس کی دیواروں پر تصاویر بنانا منع ہے۔
- امام کے خطبہ کے وقت کسی سے بات کرنا بلکہ اشارہ کرنا بھی منع ہے۔
- مسجدیں خالص خدا کی عبادت کے لئے ہوتی ہیں اس لئے ان کو سیاسی اکھاڑہ اور اشتعال انگیزی کا ذریعہ بنانا منع ہے
- خطبہ کے وقت پانی تقسیم کرنا بھی منع ہے۔ اگر کسی کو پیاس لگے تو خود جا کر پانی پیئے۔
- خطبہ کے وقت یا نماز باجماعت کے وقت بچہ روئے تو اسے مسجد سے باہر لے جائیں تاکہ دوسروں کی نماز میں خلل نہ ہو

(باقی صفحہ ۶ پر)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی ضلع گوجرانوالہ میں آمد

مجالس ضلع گوجرانوالہ کے خصوصی پندرہ روزہ پروگرام برائے تربیتی کلاسز میں مزید جوش اور ہمت پیدا کرنے کے لئے ازراہ ہمدردی محترم صدر صاحب مجلس مرکزیہ نے ضلع گوجرانوالہ کا مورخہ ۳۰، ۳۱، ۱۴ بروز جمعہ خصوصی دورہ فرمایا۔ آپ کے ساتھ آپ کے خصوصی معاون محترم ڈاکٹر میاں ظہیر الدین منصور احمد صاحب بھی تھے۔

آپ بوقت ۱۰ بجے صبح گوجرانوالہ تشریف لائے۔ جہاں مجلس عاملہ گوجرانوالہ نے آپ کا استقبال کیا تھوڑی دیر قیام کے بعد محترم صدر صاحب وزیر آباد تشریف لے گئے۔ وزیر آباد میں اجلاس عام بعد از نماز جمعہ جو ارجنس میں محترم صدر صاحب مجلس مرکزیہ نے خدام کی ذمہ داریوں کے متعلق خطاب فرمایا۔ محترم ڈاکٹر ظہیر الدین منصور احمد صاحب نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض اقتباسات سنائے اس موقعہ پر محترم چوہدری ظفر اللہ خان صاحب امیر ضلع گوجرانوالہ نے [illegible] کیا بعد ازاں سلائیڈز دکھائی گئیں۔ جو اس سے پہلے [illegible] محترم [illegible] صاحب اکسیر مربی ضلع گوجرانوالہ نے دیار

وزیر آباد سے واپسی پر محترم صدر صاحب گکھڑ میں تھوڑی دیر رہے اور وہاں مسجد دیکھی۔ اس کے بعد حافظ آباد کے لئے روانہ ہوئے۔ راستہ میں چک چھٹہ میں تھوڑی دیر کے لئے رکے اور خدام سے انفرادی ملاقات کی۔

حافظ آباد میں بعد نماز مغرب اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں محترم صدر صاحب مجلس مرکزیہ کے علاوہ محترم ڈاکٹر ظہیر الدین منصور احمد صاحب معاون خصوصی صدر مرکزیہ، محترم مرزا عبد الصمد احمد صاحب شاہد، محترم مولوی محمد اعظم صاحب اکسیر مربی ضلع، محترم مولوی بشیر احمد صاحب کاہلوں مربی سلسلہ اور محترم بشارت الرحمٰن قمر صاحب نائب مرکزیہ نے خطاب فرمایا۔

بعد ازاں محترم مولوی محمد اعظم صاحب اکسیر مربی ضلع گوجرانوالہ نے تبلیغی سلائیڈز دکھائیں جسے ناظرین نے خصوصی دلچسپی سے دیکھا۔ اس دورہ میں محترم چوہدری ظفر اللہ خان صاحب امیر ضلع گوجرانوالہ، محترم خلیل احمد سولنگی صاحب قائد ضلع گوجرانوالہ، محترم مولوی محمد اعظم اکسیر صاحب، محترم ملک محمود احمد صاحب نائب قائد ضلع سارے سفر میں ساتھ رہے۔

(نائب قائد ضلع انوار احمد جان مجلس خدام الاحمدیہ گوجرانوالہ)

تربیتی اجلاسات

مجلس خدام الاحمدیہ دارالعلوم شرقی حلقہ لطیف کے زیر اہتمام ہفتہ تربیت میں ۳ اجلاسات کا اہتمام کیا گیا۔

۱۴ مارچ کو مکرم مولوی غلام رسول صاحب معلم اصلاح وارشاد نے نماز مغرب کے بعد قرآنی تاثیرات پر تقریر فرمائی۔

۱۵ مارچ کو مکرم [illegible] شریف صاحب نے نماز کی اہمیت اور برکات و فضائل پر [illegible] اور ۱۶ مارچ کو مکرم مولانا غلام باری صاحب سیف نے اطاعت [illegible] قربانی پیدا کرنے پر زور دیا۔

ہر سہ اجلاسات میں کثیر تعداد میں خدام و اطفال و انصار نے شرکت فرمائی۔

(زعیم حلقہ لطیف دارالعلوم شرقی ربوہ)

[illegible] اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رضا کی جنتوں میں بلند مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

محمد جمیل
کارکن دفتر محاسب صدر [illegible]

اعلانات برائے ممبرات لجنہ اماء اللہ

سالانہ مقابلہ مضمون نویسی

عنوان:۔ اسلام انسان کی جسمانی اور روحانی صحت کا ضامن ہے۔

حجم:۔ ۲ ہزار الفاظ۔ نقد انعامات:۔ اوّل ۳۰۰/- روپے دوم ۲۰۰/- روپے اور سوم ۱۰۰/- روپے۔ آخری تاریخ:۔ ۱۵ ستمبر ہے۔

مطالعہ کتب

اپریل میں ممبرات لجنہ کے لئے راز حقیقت یا لیکچر سیالکوٹ مقرر ہیں۔ ممبرات لجنہ کسی ایک کا مطالعہ فرمائیں اور صدر یا انفرادی مطالعہ کی اطلاع مرکز میں ارسال کریں۔ یہ بہت ضروری ہے۔

مورخہ ۶ جون بروز جمعہ سالانہ امتحان کی تاریخ یاد رکھیں اور تیاری کریں۔ نصاب لائحہ عمل میں درج ہے مقامی صدر صاحبہ سے اس کی تفاصیل معلوم کر لیں۔

(سیکرٹری تعلیم لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

مقابلہ مضمون نویسی برائے اطفال و ناصرات

ہر سال اطفال و ناصرات کا علمی و ادبی ذوق اجاگر کرنے کے لئے مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے ایک مقابلہ مضمون نویسی ہوتا ہے امسال اس مقابلہ کے لئے عنوان:۔ "سیرت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ" ہے۔

اوّل، دوم اور سوم آنے والوں کو دو سو اڈیڑھ سو اور ایک سو روپے نقد انعام دیئے جائیں گے۔

یہ مضمون کم از کم پانچ اور زیادہ سے زیادہ سات فل سکیپ صفحات پر مشتمل ہو اور ۳۱ جولائی ۱۹۸۰ء تک اطفال احمدیہ مرکزیہ میں پہنچ جائے۔ پتہ اور حوالے مکمل اور صاف لکھیں۔

(سیکرٹری اشاعت مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

بقیہ صفحہ ۵ مساجد کے آداب

مسجد سے باہر نکلے تو بایاں پاؤں پہلے باہر رکھے اور پھر سب کو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہے۔

مسجد سے باہر جاتے ہوئے یہ دعا کرے:۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ" دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے فضل سے مساجد کے آداب ملحوظ رکھنے کی توفیق بخشے اور ہمیں اپنے فضلوں اور رحمتوں سے بہرہ مند کرے آمین۔

دعائے مغفرت

خاکسار کے چچا محترم حکیم نیر وز الدین صاحب محلہ دارالصدر غربی ربوہ ۱۲ اپریل کو بوقت آٹھ بجے صبح دل کی تکلیف کے باعث وفات پا گئے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

مرحوم نماز باجماعت کے سخت پابند تھے۔ تہجد بھی باقاعدگی سے ادا فرماتے۔ سلسلہ کے فدائی تھے۔ دعا سے خاص شغف رکھتے تھے۔ نظام وصیت سے وابستہ تھے اور حصہ جائیداد اپنی زندگی میں ہی ادا کر چکے تھے۔ اسی دن نماز عصر کے بعد محترم مولانا غلام محمد صاحب ناظر بیت المال خرچ نے نماز جنازہ پڑھائی جس کے بعد بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔

مرحوم نے اپنے پیچھے سوگوار بیوہ کے علاوہ سات لڑکے، دو لڑکیاں، ۳۳ پوتے پوتیاں اور پانچ نواسے نواسیاں چھوڑے ہیں۔ رحمہم اللہ

مجلس انصار اللہ ربوہ کا یک روزہ مقامی اجتماع ۲۶ اپریل کو مسجد اقصیٰ ربوہ میں منعقد ہوگا (زعیم اعلیٰ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فہرست عطیہ دہندگان برائے علاج نادار مریضان فضل عمر ہسپتال ربوہ

(۲۷)

مکرم	احمد بخش خان ڈیرہ اسماعیل خان شہر	۱۷۰۰	روپے
مکرمہ	امۃ الحفیظ اہلیہ حوالدار فضل الٰہی چارسدہ پشاور	۲۰۰	"
"	والدہ صاحبزادہ عبدالحمید صاحب " "	۱۰۰	"
"	نوزیہ اہلیہ میاں احمد منصور صاحب جھنگ صدر	۱۰۰	"
مکرم	چوہدری محمد شفیع صاحب تمباکو ڈیلر "	۱۰۰	"
"	افتخار احمد ولد چوہدری مختار احمد صاحب "	۱۰۰	"
"	مستری اللہ دتا صاحب کرتو ضلع شیخوپورہ	۱۷۵	"
مکرمہ	زبیدہ اختر صاحبہ شیخوپورہ	۱۰۰	"
مکرم	شیخ کرامت علی صاحب "	۱۰۰	"
"	نصیر احمد شاہ صاحب بریگیڈیئر لاہور کینٹ	۴۶	"
"	بشیر احمد صاحب چک ۱۱۱ ضلع رحیم یار خان	۱۰۰	"
"	بریگیڈیئر امان الرحمٰن خان ڈیرہ اسماعیل خان	۲۰۰	"
"	جمعدار چوہدری عبدالغنی صاحب چک ۳۱ جنوبی سرگودھا	۵۰	"
"	بریگیڈیئر اقبال احمد شمیم ربوہ	۱۰۰	"
مکرمہ	بشریٰ خالدہ صاحبہ محلہ دارالبرکات ربوہ	۲۰۰	"
مکرم	عبدالغفار صاحب سیکرٹری مال سرگودھا شہر	۲۰۰	"
"	اعجاز احمد کھوکھر صاحب ۱۱-۱۱ ٹیکسلا	۱۰۰	"
"	مشتاق عالم صاحب "	۲۰۰	"
مکرمہ	امۃ المتین ملک صاحبہ "	۱۰۰	"
مکرم	مشتاق عالم صاحب "	۱۱۰	"
"	قریشی محمد جمیل صاحب سکھیکی منڈی ضلع گوجرانوالہ	۱۰۰	"
"	شیخ محمد لطیف مرحوم و بشریٰ بیگم سکھیکی منڈی	۲۰۰	"
مکرمہ	طاہرہ شکور آف امریکہ بذریعہ فضل حق سیٹھی جہلم	۲۰۰	"
مکرم	محمد انور ہاشمی اوکاڑہ چھاؤنی	۳۰	"
	جماعت احمدیہ ننکانہ ضلع شیخوپورہ	۱۰۰	"
مکرمہ	آمنہ بیگم صاحبہ ربوہ	۱۰۰	"
"	حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ قصر خلافت ربوہ	۱۰۰	"
	لجنہ مرکزیہ ربوہ	۲۵	"
مکرم	افسر امانت تحریک جدید مرزا محمد عثمان صاحب	۴۰	"
"	حکیم سید عبدالباری مرحوم دارالصدر غربی ربوہ	۱۰	"
"	قریشی حمید اللہ صاحب انسپکٹر پولیس	۲۵	"
"	مبارک احمد صاحب پراچہ اسلام آباد	۱۳۰	"

(باقی)

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
اپنے معروف ادارہ
گلوب ٹمبر کارپوریشن
(گورنمنٹ کنٹریکٹر)
۲۶- نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ۔ لاہور
پر تشریف لائیے
فون نمبر ۶۰۲۲۰ / ۵۳۴۲۰ : رہائش ۶۲۹۳۰ : فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۳۶۲
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے
پاک ٹمبر
۲۵- نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ لاہور
فون نمبر ۶۲۶۱۸ : گھر فون نمبر ۵۳۵۰۰
کو ہمیشہ یاد رکھیں

آنکھوں کی کیورز - EYES CURES
موتیا بند کیور:- CATARACT CURE
سوزش چشم کیور:- EYES CURE
ضرب چشم کیور:- EYES INJURIES CURE
کمزوری نظر کیور:- EYESIGHT CURE
دھندلی نظر کیور:- FOGGY EYESIGHT CURE
کالا موتیا کیور:- GLAUCOMA CURE
ناخونہ کیور:- PTERYGIUM CURE
گوہانجنی کیور:- STYES CURE
پندرہ ۱۵ روپے فی کیور (CURE) دستیاب ہیں ایک ۱۱۱ سو گیارہ کیورز کی مکمل فہرست اور شرائط کاروبار کے لئے سٹاکسٹ حضرات رجوع فرمائیں۔
کیور ٹیومیڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو) رجسٹرڈ پاکستان
لاہور، کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

ہر قسم کا سامان سائنسی و اجی زخوں پر خریدنے کے لئے
الائیڈ سائنٹیفک سٹور
فون ۶۴۵۰۰
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

عبدالسلام مبارک
عبدالسلام مبارک
انوار برادرس جنرل اسٹور
مین بازار ڈرگ کالونی ۲۵ کراچی
جنرل اسٹور کا تمام سامان
نہایت مناسب قیمت پر دستیاب ہے

درخواستِ دعا

میری اہلیہ مبارکہ بیگم طاہرہ کئی یوم سے علیل ہیں سخت کمزوری اور گھبراہٹ ہے۔ بزرگان سلسلہ عالیہ احمدیہ ان کی صحت کاملہ کے لئے دعا فرمائیں نیز میرے لئے بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔ (شیخ محمد بشیر آزاد ایبٹ آباد سابق زعیم مجلس انصاراللہ مرکزیہ)

انصاراللہ ربوہ اپنے سالانہ اجتماع (منعقدہ ۲۶ اپریل) کو کامیاب بنانے کی پوری کوشش فرمائیں (زعیم اعلیٰ انصاراللہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

تمام عالم میں غلبہ کی مہم کو چلانا ہمارا فرض ہے

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی جماعت کو مخاطب کر کے فرمایا:

"عقیدہ کی رو سے جو خدا تم سے چاہتا ہے وہ یہی ہے کہ خدا ایک ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اس کا نبی اور وہ خاتم الانبیاء ہے اور سب سے بڑھ کر ہے" (توضیح مرام)

جماعت احمدیہ کا فرض ہے کہ محبت و پیار سے براہین و دلائل سے تمام نوع انسانی سے یہ عقیدہ منوائیں تا کہ اسلام تمام عالم میں غالب آ جائے۔ اور دنیا میں بسنے والے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جھنڈے تلے آ جائیں۔ صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ اسی غرض سے قائم کیا گیا ہے۔

جزاکم اللہ خیراً

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

تیاری جاری ہے آپ بھی حصہ لیں

مجلس انصار اللہ ربوہ کے اجتماع (۲۶ اپریل) میں مندرجہ ذیل مقابلہ جات ہوں گے۔

علمی:- (۱) تلاوت قرآن مجید (۲) نظم (۳) تقریر (۴) دینی معلومات (تاریخ احمدیت جلد سوم پر سوال و جواب ہوں گے۔)

ورزشی:- (۱) ۱۰۰ گز کی دوڑ (۲) کلائی پکڑنا (۳) والی بال (۴) رسہ کشی

حلقہ جات میں ان مقابلوں کے لئے مشق جاری ہے۔ اگلے ہفتے بلاک وار مشقیں ہونگی اور بلاکوں کے بہترین نمائندے اجتماع میں حصہ لیں گے۔

اس سلسلہ میں مکمل ہدایات سب زعماء کرام کو پہنچ چکی ہیں۔ انصار احباب سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔

(محمد اسمٰعیل منیر ناظم اجتماع انصار اللہ ربوہ)

آل ربوہ باسکٹ بال ٹورنامنٹ

انشاء اللہ العزیز مورخہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ اپریل ۱۹۸۰ء کو آل ربوہ باسکٹ بال ٹورنامنٹ منعقد ہو رہا ہے۔ باسکٹ بال کے کھلاڑیوں سے درخواست ہے کہ وہ ٹورنامنٹ میں شمولیت کے لئے ابھی سے تیاری شروع کر کے ممنون فرمائیں اور ٹیموں کے کپتان خاکسار سے رابطہ بھی فرمائیں۔

محمد اسلم شاد سیکرٹری آل ربوہ باسکٹ بال ٹورنامنٹ

فوری ضرورت

فضل عمر ہسپتال کے لئے دو بیلداروں کی فوری ضرورت ہے۔ بیلدار۔ محنتی۔ دیانتدار مخلص احمدی ہوں۔ پودوں وغیرہ کا کام اچھی طرح جانتے ہوں۔ درخواستیں چیف میڈیکل آفیسر فضل عمر ہسپتال کے نام جلد بھجوا دیں۔

(ڈاکٹر مرزا منور احمد چیف میڈیکل آفیسر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مطالعہ الفضل برائے لجنات

مطالعہ الفضل آپ کی علمی ترقی کا ضامن ہے۔ لجنات خود اس کی خریدار بن کر مطالعہ کریں اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دلائیے۔

جماعت گیمبیا کا جلسہ سالانہ

(بقیہ صفحہ اول)

دیگر اخبارات نے وسیع پیمانے پر خبریں دیں اور روزانہ کی کارروائی کی تفاصیل آتی رہیں جس میں جماعت کا تعارف اور حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کے پیغام کی تفاصیل شائع ہوتی رہیں۔

یہ جلسہ سالانہ خدا تعالےٰ کے بے شمار افضال و انعامات کا مشاہدہ کرانے کے بعد بخیر و خوبی اختتام پذیر ہو گیا۔

ولادت

خاکسار کے نواسے مجید احمد طاہر کو اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل و کرم سے بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جو آجکل فرینکفورٹ میں اپنی بیگم کے ہمراہ مقیم ہے۔ نومولود چوہدری رشید احمد صاحب ڈپو ہولڈر دارالیمن کا پوتا اور کنور عبدالمجید صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت اور بزرگان سلسلہ کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ نومولود کے خادم دین بننے اور ملک و قوم کے لئے مفید وجود بننے کے لئے دعا فرماتے رہیں۔ نیز خاکسار کے خاتمہ بالخیر اور خدمت سلسلہ کی توفیق ملنے کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

غلام رسول نگران دارالحمد لاہور

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں اور پٹوں نیز کاروں اور جیپوں کے سلنسر بکس اور سلنسر پائپ کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں

میاں بھائی آٹو سٹور

۱۰ منٹگمری روڈ لاہور

انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور

فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۶۳

چائنہ ہیر ٹانک

"دنیائے سائنس کی حیرت انگیز ایجاد"

بالوں کو گرنے اور سفید ہونے سے روکتا ہے۔ ان کو لمبا اور مضبوط بناتا ہے

قیمت دس روپے

امین میڈیکو - ۱۲ پونچھ روڈ لاہور

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے

با اعتماد ادارہ

ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز

فون ۵۲۱ء

فون گھر ۴۳۱ء

ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن

رحمت بازار ربوہ کو یاد رکھیں

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴